www.saharaexpressdaily.com saharaexpressranchi@gmail.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com




روزنامہ
سہارا ایکسپریس
رانچی
SAHARA EXPRESS,RANCHI

Urdu Daily Published From
Ranchi,Patna & Delhi

RNI.NO.JHURD/2012/45029 Vol:14 Issue:158 15.06.2025 SUNDAY Re.01 Page:08

جلد نمبر:14 شمارہ:۱۵۸/اتوار/۱۵/جون/۲۰۲۵/مطابق/۱۸/ذی الحجہ ۱۴۴۶ھ/ صفحات:08

# ملک میں کورونا سے 9 مریضوں کی موت، 7400 سرگرم معاملے

نئی دہلی، 14 جون (یواین آئی) ملک میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا انفیکشن سے مزید 9 مریضوں کی موت ہوئی، جس کے بعد اس وائرس سے اموات کی کل تعداد 87 ہوگئی ہے اور 269 ایکٹیو کیسز کے اضافے کے ساتھ ہی فعال کیسوں کی کل تعداد 7400 تک پہنچ گئی ہے۔ اس سے قبل جمعہ کو کورونا فعال معاملوں کی کل تعداد 7131 تھی۔ مرکزی وزارت صحت اور خاندانی بہبود کی طرف سے آج جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مہاراشٹر میں کورونا انفیکشن سے چار، کیرالہ میں تین اور راجستھان اور تمل ناڈو میں ایک ایک مریض کی موت ہوئی ہے۔ قومی راجدھانی دہلی، مہاراشٹر، گجرات، کیرالہ اور مغربی بنگال جیسی ریاستوں میں سب سے زیادہ معاملے سامنے آئے ہیں۔ 22 مئی کو ملک میں کورونا کے معاملے محض 257 تھے جو آج بڑھ کر 7400 ہو گئے ہیں۔ وزارت صحت کے اعداد وشمار کے مطابق اس دوران 11967 مریض کورونا انفیکشن سے صحت یاب ہوئے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا انفیکشن کے سب سے زیادہ فعال معاملے گجرات سے 79، کرناٹک سے 132، کیرالہ سے 54 اور مدھیہ پردیش سے 20 سامنے آئے ہیں جبکہ دہلی سے 42، آندھرا پردیش سے 15 اور مہاراشٹرا سے 16 معاملے سامنے آئے ہیں۔ محکمہ صحت کے افسران کے مطابق، انفیکشن نئے ابھرتے ہوئے ویریئنٹ، خاص طور پر ایل ایف۔7، ایکس ایف جی، جے این۔1 اور حال ہی میں شناخت کئے گئے این بی۔1.8.1 سب ویریئنٹ کی وجہ سے ہورہا ہے۔ ان ویریئنٹ کی جانچ چل رہی ہے۔ وزارت کے اعداد وشمار کے مطابق ملک کی 28 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں کورونا کے ایکٹیو کیسز میں اضافہ ہوا ہے، جب کہ تین ریاستوں میزورم، ہماچل پردیش اور اروناچل پردیش میں کورونا انفیکشن کا ابھی کوئی ایکٹو کیس نہیں ہے۔




# احمد آباد طیارہ حادثے کی تحقیقات کے لیے اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل

نئی دہلی 14 جون (یواین آئی) حکومت نے جمعرات کو احمد آباد سے لندن جانے والے ایئر انڈیا کے طیارے کے حادثے کی جامع تحقیقات کے لیے مرکزی داخلہ سکریٹری کی سربراہی میں ایک 11 رکنی اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ یہ اس حادثے سے متعلق ہر قسم کے سوالات کے جواب تلاش کرے گی اور تین ماہ میں اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر کنجراپو رام موہن نائیڈو نے ہفتہ کو یہاں اڑان بھون میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ مسٹر نائیڈو نے حادثے میں جان گنوانے والوں کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ وہ مسافروں کے اہل خانہ کے درد کو سمجھتے ہیں کیونکہ وہ خود ایک حادثے میں اپنے والد کو کھو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب وہ حادثے کے تین گھنٹے بعد احمد آباد میں جائے وقوع پر پہنچے تو گجرات حکومت کی ایجنسیاں راحت اور بچاؤ کے کاموں میں مصروف تھیں۔ ایئر کرافٹ ایکسیڈنٹ انویسٹی گیشن بیورو (اے اے آئی بی) نے دیگر ایجنسیوں کے ساتھ مل کر تکنیکی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ اس تحقیقات سے جواب ملے گا کہ تکنیکی سطح پر کیا کمی یا کوتاہی ہوئی تھی۔ مسٹر نائیڈو نے کہا، گزشتہ دو دن بہت مشکل بھرے رہے۔ احمد آباد ہوائی اڈے کے نزدیک ہونے والے حادثے نے پوری قوم کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ اس حادثے میں اپنے پیاروں کو کھونے والے تمام کنبوں کے تئیں میری گہری تعزیت ہے...... میں ذاتی طور پر یہ دیکھنے کے لیے جائے وقوع پر گیا کہ کیا کرنے کی ضرورت ہے، کیا مدد فراہم کرنے کی ضرورت ہے اور یہی رویہ حکومت گجرات کا بھی تھا۔ حکومت ہند اور وزارت کے دیگر افراد کا رویہ بھی ایسا ہی تھا۔ جب ہم موقع پر پہنچے تو ہم نے دیکھا کہ تمام متعلقہ محکموں کی ریسپانس ٹیمیں زمین پر کام کر رہی ہیں، ہر ممکن کوشش کر رہی ہیں، آگ بجھانے اور ملبے کو ہٹانے کی کوشش کر رہے ہیں تا کہ لاشوں کو جلد از جلد ہسپتال پہنچایا جا سکے۔



Urdu Daily Published From Ranchi,Patna & Delhi

सहारा एक्सप्रेस को झारखण्ड में ज़रूरत है

No-1 SE

**DISTRICTS**

| | |
|---|---|
| 1 | Ranchi |
| 2 | Deoghar |
| 3 | Bokaro |
| 4 | Giridih |
| 5 | Koderma |
| 6 | Godda |
| 7 | Chatra |
| 8 | Dhanbad |
| 9 | Gharwha |
| 10 | Jamshedpur |
| 11 | Pakur |
| 12 | Latehar |
| 13 | Hazaribagh |
| 14 | Lohardaga |
| 15 | Palamu |
| 16 | Ramghar |
| 17 | Simdega |
| 18 | West Singhbhum |
| 19 | Sahebganj |
| 20 | Gumla |
| 21 | Khunti |
| 22 | Saraikela Kharsawan |
| 23 | Dumka |
| 24 | Jamtara |

**Reporter**

&

**Bureau Chief**

saharaexpressranchi@gmail.com

Contact No 9334346898

www.saharaexpressdaily.com

# محکوم و مجبور، مسلم دنیا، ”ہے جرمِ ضعیفی کی سزا مرگِ مفاجات



رشید پروین سوپور

ٹرمپ کا استقبال سعودی حکومت نے شاندار طریقے سے کیا، اس والہانہ استقبال میں آقا اور فرمانبردار غلاموں کی جھلکیاں بڑی آسانی سے سمجھی اور دیکھی جاسکتی تھیں ،جب مسلم ملک کی چھوٹی چھوٹی بچیوں نے اپنے بال کھلے چھوڑ کر اپنے سروں کا رقص پیش کیا ۔( شیطان مسجد سے ہی سر نکالے گا ۔حدیث مبارک ) ریاض میں ایک کانفرنس کے دوران ۶۰۰ سو ارب ڈالر کے معاہدے پر دستخط ہوئے ،اس بڑی اور خطیر رقم کو سرمایہ کاری کا نام دیا گیا۔۔قطر میں شیخ تمیم بن حمد آل ثانی نے ٹرمپ کے ساتھ 2.1 ٹریلین ڈالرس کی سرمایہ کاری پر دستخط کئے اور ٹرمپ کو ۴۰۰ ملین ڈالرس کا بوئینگ جیٹ تحفے میں پیش کیا، متحدہ عرب امارات نے ٹرمپ کو ملک کا سب سے بڑا اعزاز عطا کیا ۔ اس کے بعد دوران ملاقات ۲۰۰ ارب ڈالرس کی سرمایہ کاری پر دستخط ہوئے ، ان ڈالرس سے امریکی فیکٹریوں میں مسلم دنیا کو فنا کرنے کے لئے بم اور بارود بنایا جاتا ہے، سب کچھ دینے کے بعد کسی بھی مسلم ملک کے سربراہ کے ہونٹوں پر کوئی ہلکی سی شکایت یا شکوہ فلسطین کی نسل کشی پر نہیں آسکا، یہ ڈر، یہ خوف اور یہ غیر مشروط سرنڈر ، مرگ مفاجات کے علاوہ اس سے کیا نام دیا جاسکتا ہے ) ”تم میں جو لوگ ایمان لائیں گے اور نیک کام کریں گے، ان سے اللہ وعدہ فرماتا ہے کہ وہ ان کو زمین میں حکومت عطا فرمائے گا جیسا کہ ان سے پہلے لوگوں کو حکومت دی تھی (النور ۵۵) اور اس ایمانی بیانیہ کے ساتھ لازماً یہ شرط بھی عائد ہوجاتی ہے کہ ”قسم ہے آپ ﷺ کے رب کی ،، یہ لوگ ایماندار نہیں ہوں گے ۔ جب تک آپسی جھگڑوں میں یہ لوگ آپ ﷺ سے تصفیہ نہ کرادیں ۔ پھر اس پر کوئی تنگی محسوس نہ کریں اور پورا پورا تسلیم نہ کریں“ (النساء ۶۵) ان دو آیت کریمہ میں مسلم امہ اور مسلم معاشروں کو بنیادی طور پر سمجھایا گیا ہے اور یہ احکامات دئے گئے ہیں کہ زمانے میں امامت کے لئے مختصر طور پر کن اوصاف کا ہونا لازمی ہے اور، ہم حال کا جائزہ لیتے ہیں تو آسانی سے سمجھ جاتے ہیں کہ اپنے ، انتشار، اضطراب، کمزوری، ضعیفی، انحطاط اور اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کے راستے کو ترک کرنے کے صلے میں ہم کسی طرح امامت کے مستحق نہیں اور اگلے آنے والے ادوار میں بھی ہمارے لئے یہ مقام نظر نہیں آتا ، بے شک ہماری حالت مغرب سے بھی گئی گذری اور بدتر ہے کیونکہ اس دور میں بھی جب مغربی تہذیب اخلاقی طور پر دیوالیہ ہوچکی ہے، اور عملی طور پر مردوزن اور جنسی رجحانات میں قوم لوط سے بھی آگے بازی لے چکی ہے، اور ایک خدا بیزار معاشرے کی تشکیل میں بہت آگے بڑھ چکی ہے لیکن عملی اور زمینی سطح پر یہ لوگ معاشرتی اور انفرادی طور پر ابھی کئی خوبیوں کے حامل ہیں اور اپنے اس اخلاقی طور زوال پذیر، جنسی بے راہرو معاشرے میں کئی اچھے اعلیٰ اقدار کے حامل ہیں ۔ ابھی تک ، ان کے حاکم معمولی خطاؤں پر مستعفی ہوجاتے ہیں، ورک کلچر ان میں موجود ہے، عدالتیں آزاد ہیں اور مبنی بر انصاف بھی فیصلے ہوتے ہیں اور کسی بھی طرح ابھی تک اپنی حکومتوں کے پیسے چوری چھپے ہڑپ نہیں کرتے ۔ تعلیم کے ساتھ کوئی سمجھوتہ نہیں کرتے اور نہ عوام کی صحت اور علاج معالجوں میں کسی طرح کا کوئی غیر ذمہ دارانہ ماحول پنپنے دیتے ہیں ،اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اپنے طرز معاشروں کے مطابق ابھی تک عدل و انصاف قائم کئے ہوئے ہیں اور کوئی بھی انسان قانون اور آئین سے بالاتر نہیں ،حضرت علیؓ کا قول ہے کہ کفر کے معاشرے چل سکتے ہیں عدل و انصاف سے عاری معاشرے نہیں چل سکتے‘ یہی وجہ ہے کہ یہ معاشرے ابھی زمین پر اپنی تمام تر خباثتوں اور اللہ سے بغاوتوں کے باوجود زندہ ہیں ، امامت کے درجے پر فائض ہیں ، اور ابھی آگے بھی مستقبل میں آگے ہی رہیں گی ،اور اب اوپر کے اقتباس کی روشنی میں ذرا یہ غور کریں کہ مسلم ممالک میں اجتماعی، یا انفرادی طور پر کیا باقی بچا ہے ؟ ہمارے پاس سرے سے کوئی خوبی ہی نہیں، نہ کوئی اصل اسلامی خوبی ہے اور نہ ہی ہمارے پاس کوئی مغربی بہتر خوبی ہے۔۔ ہمارے مسلم ممالک کے شہنشاہ آج بھی اربوں اور کھربوں ڈالرز خرچ کر کے دنیا کی بہترین نشاط اور تفریح گاہیں تعمیر کر کے اپنے اور اپنے خاندانوں کے لئے سونے چاندی کے جہاز مہیا تو رکھتے ہیں لیکن امریکی اور مغربی قوتوں کے سنگ آستاں پر سجدہ ریز ہونے کے لئے مجبور ہیں ،مسلم ممالک کی تعداد لگ بھگ ۵۷ ہے جن میں مسلم دنیا کا واحد ایٹمی پاور پاکستان آج کی دنیا کے بہتر اور بدترین دونوں معاشروں کے لئے بھی نشان عبرت بنا ہوا ہے،،، کیا یہ ایک انہونی نہیں؟ ، کسی مسلم ملک کا کوئی تابناک مستقبل نظر نہیں آتا اور یہ کہ سب اور ہر طرح کے جائزے بتا رہے ہیں کہ مسلم دنیا پر چھائی ہوئی سنگین رات کی سحر کا ابھی گمان بھی نہیں کیا جاسکتا ہے عراق کی تباہی کیمیکل ویپن کی آڑ میں ہوئی تھی ایران کو مسلم دہشت گردی کی آماجگاہ قرار دے کر پابندیوں کا سامنا ہے۔ مصر اسلامی انقلاب، برپا کرنے اور اخوان المسلمون کو اقتدار میں لانے کی سزا ابھی تک بھگت رہا ہے ۔ کشمیر، فلسطین ، چیچنیا، روہنگیائی مسلم ، ماضی قریب میں سلواکیہ، ہرزیگونہ اور اس کے بعد، لیبیا، شام، افغانستان، لگ بھگ ساری مسلم دنیا جس بے دردی سے کچلی جارہی ہے اور جن اندھیروں میں پھینک دی گئی ہے ،ہمیں اس کا یا تو ادراک ہی نہیں یا شتر مرغ کی طرح اپنے پنکھوں میں سر چھپا لیا ہے ،اسرائیل ایک چھوٹی سی ناجائز ریاست جس کا ۱۹۴۸ سے پہلے کوئی وجود ہی نہیں تھا، اس وقت ۵۷ مسلم ممالک کے سینے پر مونگ دل رہی ہے اور مسلسل گریٹر اسرائیل کو عملی شکل دینے پر تیز رفتاری سے گامزن ہے ،، اور اس مقصد کے لئے ہمارے شہنشاہ انہیں ہر قسم کا تعاون دے رہے ہیں ۔ اس بات سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ غیر مسلم ممالک ہم سے کتنا آگے اور سائنسی آسمانوں میں کہاں تک اپنی کمندیں ڈال چکے ہیں لیکن مسلم ممالک کا اس ڈرامے کو خاموش تماشیوں کی حیثیت سے دیکھنے کے سوا اور کوئی کردار نہیں کیونکہ وہ سائنسی لحاظ سے ترقی یافتہ ممالک اور اقوام سے صدیوں پیچھے ہیں، جب کہ قرآن حکیم نے مسلم کو شروع سے ہی تحقیق اور علم حاصل کرنے کی بار بار تلقین کی تھی۔ دنیا کی خلافت اور امامت سے مسلم دنیا محروم کیوں ہے؟ نہ صرف محروم ہے بلکہ اب دنیا کی مظلوم ترین قوم ہے باطل اور مشرک اقوام۔ مسلم قوم اور مسلم ممالک کو سرے سے مٹانے کے منصوبے بہت پہلے ہی تشکیل دے چکے ہیں اور بغیر کسی لاگ لپٹ کے اعلانیہ ان منصوبوں کو روبہ عمل لایا جارہا ہے ۔ اور اس ”کار خیر“ کے لئے سرمایہ بھی ان ہی ممالک سے حاصل کر رہے ہیں، ۔یہ شب و روز اس بات کے گواہ ہیں کہ زمانے نے اسلام کے طلوع آفتاب سے اس بات کا پورا مشاہدہ کیا ہے کہ دین کی اصل اور اساس ہی انسانیت کی بلندی اور ایک فلاحی معاشرے کی تشکیل ہے ۔ ہمارا ماضی انتہائی شاندار رہا ہے اور اوائل صدیوں میں عالم اسلام نے کسی بھی شعبے میں کوئی کوتاہی نہیں کی، وہ سائنسی ہو، علمی ہو، تہذیبی اور تمدنی ہو غرض مسلم لشکروں نے صحرا اور سمندر دونوں پر محیط ہو کر دنیا کے بہت سارے حصے میں مسلم حکومتیں قائم کیں،،، اور زمینوں کو مسخر کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے اوصاف، اور دین کی پیروی کرتے ہوئے قلوب کو تسخیر کیا جس کی وجہ سے اسلام کا آفاقی پیغام چہار دانگ عالم پہنچا اور سینکڑوں کی تعداد میں مسلم ریاستیں یا ممالک وجود میں آئے جن کی دھاک اور دبدبہ دور دور تک صحرا و سمندر دونوں پر یکساں تھا، یہی وہ دور تھا جب عالم اسلام میں وہ عبقری شخصیات بھی پیدا ہوئیں جنہوں نے ساری دنیا کو علم و سائنس کی وہ روشنی دی ۔ وہ نئی نئی ایجادات اور سائنسی انکشافات کئے ۔جس نے ساری دنیا کی امامت اور رہبری کے لئے عالم اسلام کو مستحق ٹھہرایا اور تب ہماری یونیورسٹیوں اور دانش گاہوں کی وہی قدر ومنزلت تھی جو آج یورپی اور امریکی یونیورسٹیوں کی ہے ۔لیکن اب حالات یکسر برعکس ہیں۔ کیا اب بھی ہمیں اس تنزلی کے اسباب پر تفکر نہیں کرنا چاہئے؟ کیا ہمیں ان عوامل کو کھوجنا نہیں چاہئے جن کی وجہ سے وسیع تر اور عظیم مادی وسائل کے باوجود ہم ایک غلامانہ، اور تحقیر آمیز زندگی گذارنے پر مجبور ہیں؟ ۔اب بھی دنیا میں مسلم دیشوں اور مسلم ممالک کی تعداد ستاون ہے لیکن حالات یہاں تک خراب ہیں کہ مسلم جانوں پر کارپٹ بمباری کرنے والے بمباروں میں ایندھن بھی ہمارا ہی ہوتا ہے اس کا خرچہ بھی ہم ہی اٹھاتے ہیں؟ مسلم دنیا آسمانوں کی طرف دیکھتی ہے لیکن انہیں جو ہدایات آسمانوں سے آئی تھیں اور آئی ہیں کیا کبھی وہ ان پر تفکر کرتے ہیں؟ ، پھر آپ کی دعاؤں میں کیوں اثر ہو اور کیوں قبول ہوں؟ (خدا سے پھر وہی قلب ونظر مانگ ۔نہیں ممکن امیری بے فقیری) اقبالؒ

# ایئر انڈیا ہوائی جہاز دردناک حادثہ۔ عبرت کے چند سبق

بقلم: مفتی امداد الحق بختیار
استاذ حدیث وشعبہ افتاء دار العلوم حیدر آباد، انڈیا

احمد آباد/ گجرات میں جمعرات (12-06-2025) کو دوپہر کے وقت ایک دردناک حادثہ پیش آیا، ایئر انڈیا کی پرواز (فلائٹ اے آئی 171، بوئنگ 8-787 ڈریم لائنر) جو (242) مسافرین کے ساتھ لندن گیٹوک جا رہا تھا، پرواز (Take Off) کرتے ہی، ایئر پورٹ کے قریب ایک میڈیکل ہاسٹل کی عمارت پر گر کر تباہ ہوگیا، سوائے ایک مسافر کے، ہوائی جہاز میں موجود تمام مسافرین، کرو ممبرز، پائلٹ اور کو پائلٹ، سب کے سب منٹو سکنڈوں میں موت کے منہ میں چلے گئے، ایک لمحے میں موت نے مرد و خواتین، بوڑھے، جوان اور بچے سب کو اپنا شکار بنالیا، سب ہمیشہ ہمیش کے لیے اتنے دردناک طریقہ سے اس دنیا کو الوداع کہہ کر چلے گئے۔ کچھ ہی لمحوں میں ان کی پوری دنیا تباہ ہوگئی، ان کے پیچھے کچھ بچا تو ان کی جلی ہوئی لاشیں اور روتے بلکتے رشتہ دار۔ یہ انتہائی خوفناک حادثہ تھا، جس نے ہر دل کو غمگین اور ہر آنکھ کو نم کیا۔ اس حادثہ سے ہمیں عبرت حاصل کرنی چاہیے۔

دنیا فانی ہے

اس حادثہ سے ایک بار پھر یہ کڑوی حقیقت تازہ ہوجاتی ہے کہ یہ دنیا ہمیشہ رہنے کی جگہ نہیں ہے، اس دنیا سے ہر ایک کو جانا ہے، کوئی یہاں ہمیشہ کی زندگی لے کر نہیں آیا ہے، یہ دنیا خود بھی فنا (To be destroyed) ہونے والی ہے اور اس میں موجود ہر چیز کو ایک نہ ایک دن فنا ہونا ہے؛ لہذا اگرچہ یہ دنیا بہت پرکشش (Atractive) ہے، انسان اس کی خوبصورتی اور کشش (Atraction) میں ایسا غافل ہوجاتا ہے، یہاں کی مصروفیات، یہاں کے تعلقات اور یہاں کے کاروبار میں ایسا کھو جاتا ہے کہ بسا اوقات اس کی نقل وحرکت سے لگتا ہے کہ وہ دنیا کے فنا ہونے کو بھول چکا ہے؛ لیکن یہ ایک خطرناک غلطی ہے، جس کا خمیازہ اسے ایسے وقت بھگتنا پڑتا ہے، جب پیچھے مڑنے کے تمام راستے بند ہوجاتے ہیں۔

دنیا کے بارے میں قرآن نے بالکل صاف کردیا ہے:

ترجمہ: ہم نے دنیا کی تمام چیزوں کو اس کے لیے خوبصورتی کا ذریعہ بنایا ہے: تاکہ ہم جانچ سکیں کہ انسانوں میں سے کون اچھے اعمال کرتا ہے، اور یقیناً ہم دنیا کی تمام چیزوں کو ایک ہموار میدان بنادیں گے۔ (سورۃ الکہف: ۷، ۸)

ترجمہ: اے لوگوں! یقیناً یہ دنیا کی زندگی چند روز کا سامان ہے اور آخرت ہی باقی رہنے والا گھر ہے۔ (سورۃ غافر: ۳۹)

ترجمہ: روئے زمین کی ہر چیز فنا ہوگی اور رب ذوالجلال والاکرام کی ذات باقی رہے گی۔ (سورۃ الرحمن: ۲۶۔ ۲۷)

موت سے کسی کو چھٹکارا نہیں

اس ہوائی جہاز میں بیٹھے شاید کسی پیسنجر (Passenger) کو یہ خیال نہیں گزرا ہوگا کہ چند منٹ بعد میری موت آنے والی ہے، میں اپنی زندگی کے آخری مرحلہ اور آخری اوقات میں ہوں، میری زندگی مکمل ہوچکی ہے اور اب کچھ دیر بعد ہی جسم فنا جائے گا اور روح رخصت ہوجائے گی، اسی طرح ان کو رخصت کرنے (See Off) والے رشتہ داروں، دوست، احباب اور متعلقین میں سے بھی شاید کسی کو یہ خیال نہیں گزرا ہوگا کہ یہ ان کی آخری ملاقات ہے، اسی طرح جس میڈیکل ہاسٹل کی بلڈنگ پر جہاز گرا ہے، اس میں موجود کسی ڈاکٹر اور میڈیکل کے طالب علم کو بھی معلوم نہیں ہوگا کہ اب ان کی زندگی کا (The End) ہونے والا ہے؛ لیکن دنیا نے غم اور افسوس کے سایہ میں دیکھا کہ موت



آئی اور بھیانک شکل میں آئی اور جتنوں کی زندگی مکمل ہوچکی تھی، اس نے سب کو اپنا شکار بنالیا، جس کی زندگی پوری نہیں ہوئی تھی، وہ کراماتی طور پر صحیح سالم اور محفوظ رہا۔

موت کے بارے میں اسلام کا تصور قرآن نے پیش کیا ہے:

ترجمہ: ہر جاندار کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے اور یقیناً تمہیں تمہارے کاموں کا بدلہ قیامت کے دن دیا جائے گا، پھر جس کو جہنم سے بچالیا گیا اور جنت میں داخلہ مل گیا، تو وہ یقیناً کامیاب ہوگیا اور دنیا کی زندگی تو دھوکہ کا سامان ہے۔ (سورہ آل عمران: ۱۸۵)

ترجمہ: اور اللہ تعالی ہرگز مؤخر نہیں کرتا، کسی جاندار کو، جب اس کی موت کا وقت آجاتا ہے اور اللہ تعالی تمہارے کاموں سے پورا باخبر ہے۔ (سورۃ المنافقون: ۱۱)

ترجمہ: کوئی جاندار اللہ کے حکم کے بغیر نہیں مرسکتا، ہر ایک کا مقررہ وقت لکھا ہوا ہے۔ (سورہ آل عمران: ۱۴۵)

موت کہیں اور کسی بھی حال میں آسکتی ہے

ہمیں اس حادثہ سے یہ بھی سبق ملتا ہے کہ موت کسی بھی حال میں آسکتی ہے: ضروری نہیں کہ آپ ہاسپٹل کے بیڈ پر ہوں، آپ میدان جنگ میں ہوں، آپ بڑھاپے کی عمر میں ہوں، آپ پریشانی اور تنگ دستی کی زندگی میں ہوں، آپ کے پاس جدید سہولیات کی کمی ہو، تب ہی موت آئے۔ اس حادثہ میں دیکھیں کہ ایئر پورٹ پر اور ہوائی جہاز میں اتنے کثیر افراد کی موت ہوئی ہے، ایئر پورٹ جہاں دنیا کی چمک دمک اپنے شباب پر ہوتی ہے، جہاں ہر چیز میں تازگی اور زندگی نظر آتی ہے، جہاں انسان اپنی امیدوں، شوق اور آرزوں کی دنیا میں اڑنے لگتا ہے، جہاں مایوسی، ناامیدی اور نقصان کا تصور بھی نہیں ہوتا، اسی کے ساتھ ہوائی جہاز اور وہ بھی بوئنگ کمپنی کا، جس کی ٹکنالوجی، ایڈوانس لیول کی ہے، ایئر لائنز کی فیلڈ میں یہ کمپنی پوری دنیا میں اپنا ایک نام، مقام اور اعتماد رکھتی ہے اور اس جہاز کو آپریٹ (Operate) کرنے والے بھی ماہر ترین اور تجربہ کار پائلٹ اور کو پائلٹ کی ٹیم موجود ہے، دنیا کی یہ تمام سہولیات ایک طرف تھیں؛ لیکن جب موت آئی، تو کچھ کام نہ آیا، ہر چیز بے بس اور فیل ہوگئی، لمحوں میں سب کچھ تباہ ہوگیا: سب ٹھاٹھ پڑا رہ جائے گا، جب لاد چلے گا بنجارہ۔

کتاب ہدایت موت کے بارے میں کہتی ہے:

ترجمہ: آپ کہہ دیجیے کہ جس موت سے تم بھاگ رہے ہو، وہ تمہیں ضرور پکڑے گی۔ (سورۃ الجمعہ: ۸)

ترجمہ: تم جہاں کہیں بھی رہو، موت تمہیں پکڑ لے گی؛ چاہے تم مضبوط ترین قلعوں میں کیوں نہ رہو۔ (سورۃ النساء: ۷۸)

دنیا کی پلاننگ سے پہلے آخرت کی پلاننگ کریں

اس ہوائی جہاز میں بیٹھے مسافرین، جو اپنے خوابوں کو لے کر، یوروپین شہر لندن کے لیے روانہ ہوئے تھے، انہوں نے اپنے مستقبل کے لیے کیا کیا نہ خواب دیکھے ہوں گے، انہوں نے اپنی آنے والی زندگی کے لیے بہت سی پلاننگ کی ہوں گی، لندن پہنچنے کے بعد کیا کرنا ہے، لندن میں رہتے ہوئے کیا کرنا ہے، پھر اپنے وطن اور اپنے گھر والوں کے لیے کیا کرنا ہے، وغیرہ وغیرہ، چنانچہ مسافرین میں ایک ایسی خاتون بھی تھی، جو اپنی سرکاری ملازمت سے استعفی دے کر، اپنے شوہر اور تین معصوم بچوں کے ساتھ لندن رہنے کے لیے جارہی تھی، اسے کیا پتہ تھا کہ اس کی یہ آرزو ایئر پورٹ کے قریب ہی دم توڑ دے گی، نہ وہ رہے گی، نہ معصوم بچے رہیں گے، نہ شوہر رہے گا اور نہ لندن کا خواب رہے گا، اس کے علاوہ بھی پتہ نہیں کتنی آرزوئیں اور کتنے خواب تھے، جنہیں اس حادثہ نے پورا ہونے سے پہلے ہی چکنا چور کردیا۔

لہذا اس سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہم دنیا کی پلاننگ (Planning) ضرور کریں؛ لیکن اس سے بھی زیادہ ضروری ہے کہ ہم آخرت کے وطن اور گھر کی پلاننگ کریں، اس لیے کہ وہی ہمارا اصلی وطن ہے اور وہی ہمارا ہمیشہ کا (Permanent) گھر ہے۔

ہماری طرف سے اس میں غفلت پائی جاتی ہے کہ ہم دنیا کی تیاری تو کرتے ہیں؛ لیکن آخرت کی تیاری یا تو بالکل نہیں کرتے، یا رسمی یا بہت معمولی کرتے ہیں، دنیا کی پلاننگ ایسی کرتے ہیں، گویا ہمیں یہیں رہنا ہے اور آخرت سے ایسے غافل ہوتے ہیں، گویا ہمیں وہاں جانا ہی نہ ہو، ہمیں اپنی اس غفلت سے باہر آنا چاہیے۔

رسول اللہ ﷺ کے ارشاد گرامی کو ہمیں ذہن میں رکھنا چاہیے:

ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں وہاں موجود دس لوگوں میں سے ایک تھا، چنانچہ ایک انصاری صحابیؓ نے دریافت کیا: اے اللہ کے نبی! سب سے زیادہ عقلمند اور سب سے زیادہ محتاط کون شخص ہے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو سب سے زیادہ موت کو یاد کرے اور موت آنے سے پہلے سب سے زیادہ موت کی تیاری کرے، ایسے ہی لوگ عقلمند ہیں، جنہیں دنیا کی شرافت بھی ملی اور آخرت کا اعزاز بھی حاصل ہوا۔ (مجمع الزوائد، باب ما جاء فی الحزن، 18214)

ایئر پورٹ پر اور فلائٹ میں اللہ سے غفلت

ایئر پورٹ جہاں ماڈرنیٹی (Modernity) اپنے عروج پر ہوتی ہے، جہاں عریانیت اور بے حیائی کھلے عام ہوتی ہے، خواتین کی ایک بڑی تعداد کم اور چھوٹے کپڑوں میں ہوتی ہیں، جہاں مغربی کلچر (Western Culture) کا غلبہ ہوتا ہے، ایسے موقع پر شیطان بدنگاہی پر اکساتا ہے اور آنکھ اور دل ودماغ سے بہت سے گناہ کرواتا ہے؛ ہمیں ایئر انڈیا فلائٹ حادثہ سے یہ بھی سبق ملتا ہے کہ ہمیں ایئر پورٹ پر اللہ کو یاد رکھنا چاہیے، اپنی آنکھوں کی حفاظت کرنی چاہیے، گناہوں سے پرہیز کرنا چاہیے اور اللہ تعالی سے ڈرنا چاہیے؛ کیوں کہ ہوسکتا ہے کہ ایئر پورٹ کا آپ کا یہ آخری وزٹ (Visit) ہو، آج کے بعد کبھی ایئر پورٹ آنے کا موقع نہ ملے۔ اسی طرح ہوائی جہاز میں بیٹھتے وقت، پرواز (Take Off) اور اڑان (Fly) کے وقت اور لینڈنگ (Landing) کے وقت کی دعا ضرور پڑھیں، اللہ کے ذکر اور تسبیحات کا اہتمام کریں؛ کیوں کہ پتہ نہیں: نہ جانے کب زندگی کی شام ہو جائے! اللہ تعالی حادثاتی موت سے سب کی حفاظت فرمائے اور خاتمہ بالخیر فرمائے۔

